# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

نمبر:-3090/ اے۔ایس۔جی　　　　　　　　　　　　تاریخ 15-04-2024

منجانب:

**سیکرٹری**

بجانب: جملہ سربراہان ہائی سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز گرلز اینڈ بوائز (الحاق شدہ سرگودھا بورڈ)

## عنوان: آن لائن رجسٹریشن شیڈول جماعت نہم بابت تعلیمی سیشن 2024-26ء

محترم/محترمہ

السلام علیکم:

(شیڈول میں دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں تا کہ آن لائن رجسٹریشن ڈیٹا کی ہارڈ کاپی میں غلطی کا امکان باقی نہ رہے)

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا میں تعلیمی سیشن 2024-26ء کے سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ اداروں کے طلباء/طالبات کی جماعت نہم کا آن لائن رجسٹریشن شیڈول درج ذیل ہے:

| سیریل نمبر | شیڈول | تعلیمی اداروں میں داخلہ / آن لائن رجسٹریشن انٹری send to board اور بنک میں فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فیس چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1 | رجسٹریشن جماعت نہم بغیر لیٹ فیس | 15-4-2024 تا 29-05-2024 | 29-05-2024 |
| 2 | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم (بورڈ کو واجب الادا ہوگی) کے ساتھ جماعت نہم میں رجسٹریشن | 30-05-2024 تا 13-06-2024 | 13-06-2024 |
| 3 | رجسٹریشن فیس | -/1000 روپے فی طالب علم | - |
| 4 | پروسیسنگ فیس | -/530 روپے فی طالب علم | - |
| 5 | بورڈ ڈویلپمنٹ فنڈ | -/200 روپے فی طالب علم | |
| 6 | سکالرشپ فیس | -/80 روپے فی طالب علم | - |
| 7 | سپورٹس فیس | -/100 روپے فی طالب علم | - |
| | مڈل سٹینڈرڈ امتحان کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں | تاریخ اشاعت نتیجہ سے 10 یوم کے اندر | تاریخ داخلہ سے 10 یوم کے اندر |

نوٹ: آخری تاریخ کو اتوار/سرکاری تعطیل ہونے کی صورت میں اگلے روز کو آخری تاریخ تصور کیا جائے گا۔

: قبل ازیں جاری دفتری سرکلر نمبر 88-1380 مورخہ 10-7-2023 کے مطابق جملہ ادارہ جات User OTP authentication (Leaving and joining permission students) سالانہ فیس -/4000 روپے (UBL چالان) جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ اس ضمن میں رجسٹریشن پروگرام میں موجود OTP معلومات کی آن لائن فیڈنگ کر کے ہارڈ کاپی مع فیس رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ادارہ جات بورڈ آفس جمع کروائیں گے۔

-1 <u>انتہائی ضروری ہدایات</u>

(i) مورخہ <u>13-06-2024</u> کے بعد کسی بھی ادارہ کو آن لائن رجسٹریشن کی کسی بھی صورت میں قطعاً اجازت نہ ہوگی۔

(ii) کوئی الحاق شدہ سرکاری، پرائیویٹ ادارہ اپنے ادارے کے طلباء/طالبات کے علاوہ پرائیویٹ یا کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارے کے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں نہیں بھجوائے گا۔ عدم تعمیل کی صورت میں ایسے ادارے کا بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا۔

(iii) رجسٹریشن کے لئے "ب" فارم ہونا لازمی ہے۔ بغیر "ب" فارم آن لائن رجسٹریشن نہیں ہوگی۔

(iv) جماعت نہم میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت طلباء/طالبات کی اس سال مورخہ یکم اگست 2024ء کو کم از کم 12 سال عمر ہونا ضروری ہے۔ (جس طالب علم یا طالبہ کی تاریخ پیدائش یکم اگست 2012ء یا اس سے پہلے کی ہے وہ جماعت نہم سیشن 2024-26ء میں داخلہ، رجسٹریشن کے اہل ہے)



CamScanner

(v) بورڈ ہذا سے الحاق شدہ پرائیویٹ اداروں کے طلباء / طالبات مبلغ -/1910 روپے جمع کروائیں گے۔ بورڈ سے الحاق شدہ گورنمنٹ آف پنجاب کے طلباء / طالبات مبلغ -/530 روپے پروسیسنگ فیس + مبلغ -/200 روپے ڈویلپمنٹ فنڈ + مبلغ -/80 روپے سکالرشپ فیس + مبلغ -/100 روپے سپورٹس فیس (کل مبلغ -/910 روپے فی طالب علم / طالبہ) جمع کروائیں گے لیکن شیڈول سنگل فیس گزر جانے کے بعد رجسٹریشن کروانے والے طلباء / طالبات مبلغ -/2510 روپے جمع کروائیں گے۔ رجسٹریشن فیس وغیرہ سربراہ ادارہ اپنی نگرانی میں بنک میں جمع کروائیں اور دفتر ہذا کے کسی بھی ملازم کو نقدی کی صورت میں فیس نہ دیں۔ بصورت دیگر سربراہ ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔

(vi) بنک چالان میں کٹنگ (Tempering/Forgery) کی ہرگز اجازت نہ ہے۔ بنک چالان پر ردوبدل کی صورت میں ادارہ کا الحاق دفتر ہذا سے منسوخ کر دیا جائے گا۔ رجسٹریشن فیس UBL کی کسی بھی منظور شدہ برانچ میں کمپیوٹرائزڈ بنک چالان فارم پر جمع کروانا ہوگی۔ چالان فارم پر بنک کی مہر اچھی طرح چیک کر لیں جو کہ صاف پڑھی جانی چاہیئے اور بنک آفیسر کے دستخط بھی ثبت ہونے چاہئیں۔ مینول بنک چالان ہرگز قابل قبول نہ ہوگا۔ دفتر ہذا کے کھاتہ میں رجسٹریشن کی مد میں جمع شدہ فیس نا قابل واپسی ہے۔

(vi) بورڈ ہذا سے تسلیم شدہ ایسے سرکاری / پرائیویٹ ادارے جن میں طالب علموں کی تعداد ایک سو سے زائد ہو وہ دیگر فیس کے علاوہ رزلٹ گزٹ / سی ڈی کی فیس مبلغ -/700 روپے کمپیوٹرائزڈ بنک چالان پر کمپوزٹ کے لئے بھی جمع کروائیں گے۔ یہ بنک چالان الگ لف کرنا ہوگا۔ نیز بعد از اشاعت رزلٹ جمع شدہ چالان مبلغ -/700 روپے کی کاپی + بنک رسید دکھا کر سٹور برانچ سے رزلٹ CD حاصل کر سکتے ہیں۔

(vii) PBCC لاہور مراسلہ نمبر 584-SY/PBCC/LHR مورخہ 01-04-2014 کے تحت طلباء / طالبات کی طرف سے رجسٹریشن ہذا مکمل کرتے وقت "ب" فارم کے کالم میں نادرا کی طرف سے جاری کردہ "ب" فارم نمبر کا اندراج بطور رجسٹریشن نمبر درج کرنا ضروری ہے۔ بغیر "ب" فارم رجسٹریشن نہیں ہو سکے گی نیز غلط "ب" فارم نمبر فیڈ ہونے کی صورت میں رزلٹ آؤٹ ہونے کے بعد رزلٹ کارڈ میں مبلغ -/1750 روپے اور سند میں -/4250 روپے جمع کروانے کے بعد درستی رجسٹریشن عمل میں لائی جائے گی۔ تاہم درستگی کرواتے وقت مقررہ حد age limit/under age سے کم ہونے کی صورت میں درستگی عمل میں نہ آئے گی۔ ہدایت شق نمبر iv ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

(viii) ادارہ کو جن مضامین میں الحاق دیا گیا ہے صرف اُن ہی مضامین میں وہ داخلہ کر سکتا ہے الحاق شدہ مضامین کی لسٹ بھی ساتھ فراہم کرنا ہوگی۔ الحاق شدہ مضامین کے علاوہ داخلہ کرنے کی صورت میں ادارہ کا بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا۔

(ix) جملہ ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سکیم آف سٹڈیز سے ہٹ کر کسی بھی مضمون / مضامین کا انتخاب نہ کریں۔ بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ تمام ادارہ جات پر بورڈ کی طرف سے جاری کردہ آن لائن رجسٹریشن اور داخلہ کے شیڈول کا من وعن اطلاق ہوگا۔

(x) بورڈ کے فیصلہ کے مطابق داخلہ فارم اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کے جرمانہ میں کسی قسم کی رعایت نہیں ہو سکے گی۔

## 2- آن لائن رجسٹریشن پراسیس (Process) کرنے / ترسیل ریٹرن کا طریقہ کار / ہدایات

(i) آن لائن رجسٹریشن بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر موجود لنک (Online Registration of Students in 9th Class (2024-26 Session میں کی جاسکتی ہے۔

(ii) آن لائن رجسٹریشن کے تحت طلباء طالبات کے کوائف مکمل کرتے وقت تازہ ترین تصویر (کے ساتھ Add کئے جائیں) غلطی کی صورت میں ریکارڈ کو کنفرم کرنے سے پہلے رجسٹریشن بغیر لیٹ فیس تک درست / Update کیا جاسکتا ہے۔

(iii) امیدواران کے ڈیٹا کو کنفرم کرنے سے پہلے پروف پرنٹ نکال کر تمام ڈیٹا کو اچھی طرح چیک کر لیا جائے اس کے بعد کنفرم کیا جائے۔ کنفرم کرنے آن لائن ڈیٹا send to board کے بعد ڈیٹا میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہو سکے گی۔ تاہم بورڈ کو صرف اور صرف کنفرم کاپی ارسال کی جائے پروف پرنٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔ آن لائن ڈیٹا ہارڈ کاپی میں تضاد کی صورت میں رجسٹریشن قابل قبول نہ ہوگی۔

(iv) امیدواران کی آن لائن رجسٹریشن کو کنفرم کرنے کے بعد گروپ وائز فائنل پرنٹ نکال کر آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی فائل کور میں لگا کر (بذریعہ ڈاک / بذات خود) مقررہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروانا ضروری ہے مزید یہ کہ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور فیس چالان جمع ہونے کے بعد شیڈول کی آخری تاریخ کو Disptach ہونا ضروری ہے۔ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور فیس چالان دفتر ہذا میں لیٹ موصول ہونے کی صورت میں ادارہ بورڈ قوانین کے مطابق جرمانہ / لیٹ فیس ادا کرے گا۔ نیز واضح رہے کہ آنے والے اہلکاران کو بورڈ کی طرف سے TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

(v) آن لائن رجسٹریشن کے ساتھ ترسیلی مراسلہ (فارورڈنگ لیٹر) ارسال کرنا ضروری ہے۔ جمع شدہ فیس کا بنک چالان فارورڈنگ لیٹر کی پشت پر اوپر کی جانب چسپاں کریں۔ ترسیلی مراسلہ اور فائل کور پر ادارہ کا کوڈ نمبر، ٹیلیفون نمبر، تاریخ الحاق واضح طور پر درج ہونا چاہیے۔ اگر کسی ادارہ کی طرف سے مینول رجسٹریشن ریٹرن موصول ہوئی تو ہرگز قبول نہ کی جائے گی۔

(vi) مخلوط تعلیم پر پابندی عائد ہے۔ کسی بھی بوائز سکول میں طالبات اور کسی بھی گرلز سکول میں طلباء کا ریگولر داخلہ رجسٹریشن ممنوع ہے۔

(vii) کسی بھی طالب علم / طالبہ کے سکول سے خارج ہونے کی صورت میں اسکی تحریری اطلاع سیکرٹری بورڈ کو ایک ہفتہ کے اندر اندر دی جائے۔

(viii) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء طالبات کے نام، ولدیت، کے ہجے (Spelling)، تاریخ پیدائش، مضامین مکمل درست فیڈ کئے جائیں۔ قطع، برید، انک ریمور، فلیوڈ اور ٹیمپرنگ وغیرہ سے مبرا آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط، مہر ثبت ہونا ضروری ہیں۔ مدھم اور غیر واضح پرنٹ ہرگز قابل قبول نہیں کیا جائے گا۔ سربراہ ادارہ کے علاوہ کسی کی تصدیق قابل قبول نہ ہوگی۔ طلباء، طالبات کو رجسٹریشن ریٹرن ملاحظہ کروا کر متعلقہ کالم میں ناموں کے سامنے ان کے اپنے دستخط اور والدین یا سرپرست کی طرف سے کوائف کی درستی (Verification) کے لئے متعلقہ کالم میں دستخط کروانا بھی ضروری ہیں۔

(ix) پرائیویٹ ادارہ جات محکمہ ایجوکیشن / بورڈ سے الحاق کے مطابق (بوائز ہائی سکول اور گرلز ہائی سکول) رجسٹریشن ریٹرن پر الگ مہر لگا کر بھجوائیں۔



CamScanner

## -3 دوبارہ داخلہ (Re - Admission)

ادارہ کے سربراہان جماعت نہم میں فیل/پاس/غیر حاضر یا 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء/طالبات کو کلاس نہم کا رزلٹ شائع ہونے کے پندرہ دن کے اندر اندر Re-admit کر کے ڈیٹا آن لائن کریں گے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی داخلہ کے بعد (بشمول تاریخ داخلہ) پندرہ یوم کے اندر اندر فائل کور کے اندر لگا کر جمع کروانا ہوگی۔ واضح رہے کہ Re-admit امیدواران کو پوری رجسٹریشن فیس، پروسیسنگ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ، سپورٹس فیس وغیرہ -/1910 روپے ادا کرنا ہونگے۔

(i) واضح رہے کہ پاس امیدواران بھی اپنا سابقہ رزلٹ جماعت نہم شعبہ امتحان (میٹرک برانچ) سے منسوخ کروا کر کسی بھی ادارہ میں ری ایڈمیشن کی مقررہ تواریخ میں ری ایڈمیشن کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں امیدواران کو آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ بیانِ حلفی لف کرنا ہوگا۔ کہ فدوی جماعت دہم کیا امتحان میں شامل نہ ہوا ہے۔ مزید یہ کہ امیدوار آنے والے امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے کی صورت میں کسی ایوارڈ کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی کسی پوزیشن کا دعویٰ اور اپنے سابقہ نتیجہ کا مطالبہ کرے گا۔ سابقہ سالوں کے فیل/پاس/غیر حاضر یا 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء طالبات صرف کلاس نہم سیشن 2024-26 کے مین داخلہ رجسٹریشن شیڈول کے اندر شق نمبر 3 میں درج رولز کے مطابق رجسٹریشن کروانے کے اہل ہوں گے۔

(ii) <u>جماعت نہم میں ری ایڈمیشن کی سہولت طلباء 2 سال اور طالبات 5 سال کے اندر صرف ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مکمل چھان بین/کانٹ چھانٹ (Verification) کے بعد مروجہ قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے طلباء طالبات کا ری ایڈمیشن کیا جائے۔ پارٹ II (دہم) کے امتحان میں شمولیت کرنے یا امتحانی داخلہ فارم بورڈ میں بھجوانے/جمع کروانے کے بعد امتحان میں شمولیت نہ کرنے والے طلباء طالبات پارٹ I (نہم) میں رجسٹریشن و داخلہ کے اہل نہ ہیں۔ حقائق چھپا کر قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں کا الحاق دفتر ہذا سے ختم کر دیا جائے گا اور امیدواران کی رجسٹریشن فوری منسوخ کرتے ہوئے تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔</u>

## -4 مقررہ تواریخ کے بعد موصولہ ریٹرن پر جرمانہ

مذکورہ بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے بالا تواریخ میں کسی قسم کا ردوبدل/توسیع نہ ہوگی۔ Data send to board/ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بروقت بورڈ آفس جمع نہ ہونے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد ادارہ جات درج ذیل شرح سے جرمانہ جمع کروا کر اصل بنک چالان ہمراہ لف کر کے بورڈ میں صرف دستی جمع کروا سکیں گے۔

(i) طلباء/طالبات کی تعداد 5 تک پہلے ماہ -/1000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ -/3000 روپے

(ii) طلباء/طالبات کی تعداد 10 تک پہلے ماہ -/2000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ -/5000 روپے

(iii) 10 سے زائد طلباء/طالبات کی صورت میں پہلے ماہ -/600 روپے یومیہ اس کے بعد -/1000 روپے یومیہ جرمانہ ناقابل معافی عائد ہوگا۔

واضح رہے کہ۔ جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ کسی بھی طالب علم/طالبہ سے جرمانہ کی مد میں کوئی رقم وصول نہیں کی جائے گی (ادارہ جات سے آنے والے اہلکاران کو بورڈ کی طرف سے کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا)۔

## -5 آن لائن رجسٹریشن میں درستی کا طریقہ کار

رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف (نام/ولدیت/تاریخ پیدائش/تصویر/"ب" فارم نمبر/سربراہ کا شناختی کارڈ نمبر/میڈیم/تاریخ داخلہ) وغیرہ کی درستی کے لئے سرگودھا بورڈ کی ویب سائٹ سے متعلقہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کے درستی کروائی جا سکتی ہے۔ جس کیلئے شیڈول درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| کوائف میں درستی، تبدیلی کی آخری تاریخ | 15-10-2024 |
| مروجہ فیس برائے درستی، تبدیلی | مبلغ -/250 روپے (فی غلطی) |
| جرمانہ کے ساتھ کوائف میں درستی، تبدیلی کی آخری تاریخ | ایڈمیشن فارم شروع ہونے سے 2 یوم قبل تک |
| مروجہ فیس برائے درستی، تبدیلی | -/250+-/500=-/750 روپے (فی غلطی) |

### شیڈول تبدیلی مضمون/مضامین اور گروپ

| | |
|---|---|
| تبدیلی مضمون/مضامین کی آخری تاریخ: | 15-10-2024 |
| مروجہ فیس برائے تبدیلی فی مضمون مبلغ -/450 روپے | تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/1050 روپے |
| جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ: | ایڈمیشن فارم شروع ہونے سے 2 یوم قبل تک |
| مروجہ فیس برائے تبدیلی فی مضمون مبلغ -/850 روپے | تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/2050 روپے |

**نوٹ:۔**

<u>سربراہ ادارہ/سکول انتظامیہ کو ضروری ہدایت کی جاتی ہے کہ نہم رجسٹریشن سیشن 2024-26 آن لائن پروگرام میں ادارہ ڈیٹا کو Finalized کرنے کے بعد (جس کا سسٹم Batch بنا دے) وہ دوبارہ Un-Finalized نہیں ہو سکے گا۔ لہذا ادارہ ڈیٹا کو Finalized کرنے سے پہلے اچھی طرح جانچ پڑتال کر لے اور اس کے بعد ڈیٹا کو Finalize کرے۔</u>

سربراہ ادارہ/سکول انتظامیہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آن لائن رجسٹریشن ڈیٹا میں درستی کیلئے دفتر ہذا درخواست فارم جمع کروائیں۔ ہر لحاظ سے چیک کرنے و پڑتال کے بعد تصدیق کئے جائیں۔ واضح رہے کہ NOC کی بنیاد پر داخل کئے گئے طلباء/طالبات کے امتحانی داخلہ فارمز میں درج کوائف مضمون/مضامین/گروپ وغیرہ بمطابق رجسٹریشن ڈیٹا بغور پڑھنے کے بعد تصدیق کئے جائیں۔ کسی بھی قسم کے تضاد کی صورت میں داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے سے قبل جنرل برانچ سے فوری رابطہ کریں۔ کسی بھی طالب علم/طالبہ کی آن لائن



CamScanner

سسٹم میں Reciveing بوجہ technical issue نہیں ہوئی تو بروقت جنرل برانچ داخلہ شیڈول کے دوران رابطہ کریں۔ بصورت دیگر امتحانی داخلہ فارمز میں کسی بھی قسم کی غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم/ طالبہ اور متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ دفتر ہذا میں موصول ہونے والے امتحانی داخلہ فارمز پر درج کوائف/ Data کو ہی حتمی قرار دیا جائے گا۔

بعد ازاں رولنمبر سلپس کے اجراء کے بعد باضابطہ مروجہ طریقہ کار کے مطابق نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، رجسٹریشن نمبر، کے لئے جنرل برانچ نیز تبدیلی مضمون/ گروپ/ تصویر کے لئے میٹرک برانچ سے مروجہ قانون کے مطابق کروائی جائیگی۔

## 6- ٹرانسفر سرٹیفکیٹ (NOC) کی بنیاد پر داخلہ

دوسرے بورڈوں سے جماعت نہم اور دہم میں Migrate ہو کر آنے والے طلباء/ طالبات کا داخلہ ٹرانسفر سرٹیفکیٹ (NOC)، سابقہ ادارہ کا لیونگ سرٹیفکیٹ کے اجراء کے 45 یوم کے اندر اندر کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد NOC پر داخلہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔ آن لائن رجسٹریشن کے لئے فارورڈنگ لیٹر + اصل NOC + مجوزہ فیس کا کمپیوٹرائزڈ بنک چالان + "ب" فارم کی واضح مصدقہ نقل + 2 عدد رنگین پاسپورٹ سائز تازہ تصاویر + سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی واضح مصدقہ نقل + مینول رجسٹریشن ریٹرن جس میں تمام کوائف کی تفصیل درج ہو کے ہمراہ بذات خود آن لائن رجسٹریشن کیلئے جنرل برانچ سے رابطہ کریں۔ داخلہ رجسٹریشن کے بعد 15 ایام کار کے اندر اندر آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی کی مصدقہ نقل کے ساتھ فائل کو میں جمع کروانا ضروری ہوگا۔ ہارڈ کاپی تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں مبلغ -/100 روپے یومیہ جرمانہ ناقابل معافی سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ امتحانی داخلہ فارم ڈبل فیس شیڈول جاری تک مائیگریشن/ NOC کی بنیاد پر داخلہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد کوئی داخلہ مائیگریشن/ NOC کی بنیاد پر نہ ہوگا (جماعت دہم میں داخلہ کی صورت میں جماعت نہم کے تصویر والے رزلٹ کارڈ کی واضح مصدقہ فوٹو کاپی لف کریں)۔

نوٹ: والدین/ سرپرست کی ٹرانسفر وغیرہ کی صورت میں NOC کی بنیاد پر امتحان شروع ہونے سے 20 یوم قبل تک امیدواران کو داخلہ کی اجازت ہوگی۔

## 7- بورڈ کی حدود میں ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن

ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے لئے سربراہ ادارہ سے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ہمراہ دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ مجوزہ مائیگریشن فارم پر درخواست گزاریں اور مبلغ -/2500 روپے مائیگریشن فیس بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوگی۔ فارم پر درج شدہ ہدایات کے مطابق مائیگریشن سرٹیفکیٹ آن لائن Apply کرکے دفتر ہذا کی ویب سائیٹ سے پرانے ادارے والے آن لائن Leave جبکہ نئے ادارہ والے اپنے Log-in میں آن لائن Recieve کریں گے۔ لوکل مائیگریشن کی صورت میں مبلغ -/7500 روپے فیس جمع کروانا ہوگی۔ جس ادارہ کے لئے مائیگریشن سرٹیفکیٹ حاصل کیا گیا ہے۔ اس میں مائیگریشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کے 15 دن کے اندر اندر داخلہ آن لائن سسٹم کے تحت (online recieve) نئے ادارہ سے کرنا ضروری ہے۔ امتحانی داخلہ کی ڈبل فیس شیڈول تک مائیگریشن سرٹیفکیٹ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ نیز مائیگریشن (online recieve) کروانے کے بعد سربراہ ادارہ/ طالب علم/ طالبہ کو مائیگریشن سرٹیفکیٹ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی ضرورت نہ ہے۔

## 8- بیرون ملک سے آمدہ کیس

بیرون ملک سے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ ادارہ سے لیونگ سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ/ منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/ امتحان سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں۔ تاہم ترسیل رجسٹریشن ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ درج بالا شق نمبر 4 کے مطابق ہوں گے۔

## ضروری نوٹ!

بورڈ آف گورنرز سے فیس میں اضافہ ہونے کی صورت میں بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات باقی واجبات آن لائن بنک چالان جمع کروانے کے پابند ہونگے۔ نیز درج بالا ہدایات سے قطع نظر کسی بھی صورت میں طلباء/ طالبات کی آن لائن رجسٹریشن نہ کی جائے۔ نافذ العمل قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ادارہ کا الحاق منسوخ کرتے ہوئے تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ شیڈول ہذا بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ آن لائن رجسٹریشن شیڈول اور تواریخ سے متعلق ہمہ قسم کی اہم اور فوری نوعیت کی معلومات کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisesargodha.edu.pk روزانہ وزٹ/ ملاحظہ کرتے رہیں تاکہ آپ (سکول انتظامیہ) کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

مزید معلومات کیلئے جنرل برانچ ٹیلی فون نمبر (048-3250057) پر رابطہ کریں۔

دستخط/-
سیکرٹری

نقول برائے اطلاع:

1- CEO (Education) سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر
2- جملہ سیکریٹریز صاحبان پنجاب بورڈز۔
3- سرگودھا بورڈ سے الحاق شدہ کے جملہ سربراہان ادارہ جات (H/S, H/S/S)۔
4- ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ سرگودھا برائے اشاعت اخبارات۔
5- جملہ افسران/ سپرنٹنڈنٹس بورڈ ہذا۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)
برائے سیکرٹری



CamScanner